## سوال

(37)مکۃ المکرمہ کی دوسری مساجد میں بھی نمازیں ادا کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جو شخص حج و عمرہ کے لیے آیا اور مکۃ المکرمہ کی دوسری مساجد میں بھی نمازیں ادا کرتا ہے تو کیا اسے وہی زیادہ اجر حاصل ہوگا جو مسجد حرام میں نماز پڑھنے سے حاصل ہوتا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اسے وہ زیادہ اجر نصیب نہ ہوگا جو مسجد حرام میں نماز پڑھنے سے حاصل ہوتا ہے کیونکہ صحیح مسلم میں آپ ﷺ کا فرمان ہے کہ :

صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي هَذَا أَفْضَلُ مِنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ إِلَّا الْمَسْجِدَ الْكعبة ([1])

ترجمہ : میری اس مسجد میں نماز مسجد کعبہ کے علاوہ دوسری مساجد کی نماز سے ہزار گنا افضل ہے۔

تو آپ ﷺ نے زیادہ اجر کو مسجد کعبہ کے ساتھ خاص فرمایا ہے۔

---

(17) مسلم : 1396 الحج فضل الصلاۃ بمسجدی مکہ والمدینہ عن ام المؤمنین میمونہ رضی اللہ عنہا۔

فتاوی مکیہ

صفحہ 28

محدث فتویٰ